جاز مالامال انعامی مہم پاکستان بھرمیں زندگیاں تبدیل کر رہی ہے

اسلام آباد: یکم نومبر، 2011 - موبی لنک نے جاز مالامال انعامی مہم 2011 کو بھرپور کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا ہے۔مہم کی ایک خصوصی اختتامی تقریب لاہور میں منعقد ہوئی۔ اس مہم کا گرینڈ پرائز لاہور کے شاندار علاقے سفاری ولاز میں ایک نیا مکان تھا۔ جیتنے والے خوش نصیب صارف کو اس خوبصورت مکان کی چابیاں پیش کی گئیں۔ اس کے علاوہ ملک کے مختلف حصوں سے جیتنے والے 4 خوش نصیب صارفین کو بھی 1300 CC کی شاندار کاریں انعام میں پیش کی گئیں۔

ایک ماہ تک جاری رہنے والی یہ جاز مالامال انعامی مہم میں پاکستان کے ہر کونے میں جاز صارفین نے نہایت پرجوش انداز میں حصہ لیا۔جاز نے اس انوکھی انعامی مہم کا اہتمام اس عزم کے ساتھ کیا ، کہ اپنے صارفین کو ایسی شاندار قدروقیمت والے انعامات پیش کئے جائیں، جن کی مثال پاکستان کی پوری مواصلاتی صنعت میں نہ ملتی ہو۔

گرانڈ پرائز جیتنے والے خوش نصیب صارف، مدثر سلیم ، ڈسکہ کے رہائشی ہیں۔ انہوں نے انعام موصول کرتے ہوئے اپنی بے انتہا خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ مجھے تو ابھی تک یقین ہی نہیں آ رہا کہ میں لاہور میں ایک خوبصورت مکان کا مالک بن چکا ہوں۔ جاز نے میری زندگی کا سب سے اہم خواب پورا کر دیا ہے۔ اس پر میں پہلے اللہ تعالیٰ کا اور پھر موبی لنک جاز کا دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں۔

موبی لنک کے وائس پریذیڈنٹ مارکیٹنگ ، جہانزیب تاج نے کہا کہ؛ ہماری تمام کامیابیوں، جاز برانڈ کی مقبولیت، اور موبی لنک کی کاروباری سبقت کا تمام سہرا ہمارے صارفین کے مکمل اعتماد کے باعث ہے۔ جاز مالامال انعامی مہم بھی ہماری ان کاوشوں کا حصہ ہے جن کے ذریعے ہم اپنے صارفین کے اعتماد کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتے ہیں، کہ انہوں نے جاز برانڈ کو مقبولیت کی بلندیوں تک پہنچایا۔ اس مہم نے اس سال ایک بار پھر یہ ثابت کردیا ہے کہ موبی لنک پاکستان بھر میں صارفین کی زندگیوں میں بے شمار مثبت تبدیلیاں لا رہا ہے۔

جاز مالا مال مہم کا انعقاد اس سال اپریل اور مئی 2011 کے مہینوں کے دوران کیا گیا۔ اس انعامی مہم میں صارفین کسی بھی ہفتے کے دوران ہر روز کی ایک فون کال کرکے انعامی قرعہ اندازی میں شامل ہو سکتے تھے، اور ہر ہفتے ایک عالیشان گاڑی کا انعام جیت سکتے تھے۔اس مہم کے دوران مجموعی طور پر 100 سے زائد کالیں کرنے والے تمام صارفین کو خود بخود گرانڈ پرائز کے لئے ہونے والی بڑی قرعہ اندازی میں شامل کرلیا گیا، اور جیتنے والے خوش نصیب کو ایک شاندار مکان کا تحفہ پیش کیا گیا۔

About Mobilink

اور سکام نیلی کا ہم رتبہ کا ذیلی ادارہ موبی لنک پاکستان کی سب سے بڑی موبائل فون کمپنی ہے جو ملک بھر کی سروس کی فراہمی میں بھی سرفہرست ہے۔3 کروڑ 10 لاکھ صارفین کے ساتھ موبی لنک نے جدید ترین ٹیکنالوجی کے ذریعے پاکستان میں اپنی کاروباری سبقت کو برقرار رکھا ہوا ہے۔پاکستان کے پسندیدہ برانڈ کے طور پر یہ ادارہ ملک میں بہترین وائس اور ڈیٹا سروسز فراہم کررہا ہے۔ یہ ادارہ سیلولر سہولیات کی فراہمی کیلئے اعلیٰ ترین انٹرنیٹ ٹیکنالوجی کا نفاذ بھی موبی لنک کا امتیاز ہے۔موبی لنک کا Voice اور Data نیٹ ورک 8 ہزار سیل سائٹس پر مشتمل ہے۔اس طرح پاکستان میں وسیع ترین ڈسٹری بیوشن اور رابطہ مراکز کا نیٹ ورک قائم کیا گیا ہے جو کہ 6500 کلومیٹر طویل فائبر آپٹک سہولیات پر مبنی ہے۔موبی لنک اب تک پاکستان میں 3.3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کر چکا ہے اور ملک بھر میں ایک تسلسل کے ساتھ رابطے کی سہولیات اور بے مثال خدمات پیش کررہا ہے، ان میں 140 سے زائد ممالک میں بین الاقوامی رومنگ کی سہولت بھی شامل ہے۔ یہ ادارہ پاکستان کرکٹ بورڈ کا باضابطہ سیلولر پارٹنر بھی ہے۔

ایک ذمہ دار کاروباری ادارے کے طور پر موبی لنک کی جانب سے سماجی شمولیت اور بہبود کی متعدد مصنوعات اور خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔ اس طرح ملک کے کونے کونے میں صارفین کو معلومات تک رسائی کی سہولیات پہنچ رہی ہیں۔موبی لنک فاؤنڈیشن کے ذریعے تعلیم، صحت اور ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات کو فروغ دیا جارہا ہے اور اعلیٰ کاروباری اصولوں کی پابندی کی جارہی ہے۔

مزید معلومات کیلئے : مزمل ریاض شیخ -- شیم راک کمیونیکیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

فون : 0306-5484844, 051-2225149